© rasailojaraid.com

اسلام آباد ائیر پورٹ سے واپس وطن روانہ ہو گیا۔ جہاں انہیں گرمجوشی سے الوداع کہا گیا۔

## معزز قطری وفد کی دفاتر مرکزی جمعیت 106 راوی روڈ لاہور میں آمد

وزارت عدل وانصاف حکومت قطر کے سیکرٹری الشیخ ابراہیم الھتمی اور قطر کے ممتاز عالم دین اور مبلغ فضیلۃ الشیخ بلال السویدی نے مورخہ 4 اپریل بروز منگل مرکزی جمعیت اہلحدیث کے مرکزی دفتر 106 راوی روڈ لاہور کا دورہ کیا۔ انکے ہمراہ مرکزی جمعیت اہلحدیث قطر کے امیر ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب، رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی اور حافظ احمد حقیق بھی تھے۔ فضیلۃ الشیخ محمد مدنی صاحب کی کوششوں اور بھرپور تعاون سے یہ دورہ بہت کامیاب رہا۔ اس موقع پر امیر محترم پروفیسر ساجد میر صاحب کی زیر صدارت منعقدہ علماء کنونشن سے معزز مہمان الشیخ بلال السویدی نے بڑا پر مغز اور فکر انگیز خطاب کیا۔ جسے سامعین سے بہت سراہا۔ انکے خطاب سے قبل الشیخ محمد مدنی حفظہ اللہ نے عربی زبان میں بڑے جچے تلے انداز میں معزز مہمانوں کا تعارف کروایا (ہفت روزہ اہلحدیث لاہور)

## جامعہ سردار للبنات اہلحدیث رانیوال سیداں میں خواتین کے لیے دوسرا بڑا پروگرام

گزشتہ دنوں جامع سردار للبنات رانیوال سیداں (ضلع گجرات) میں خواتین کے لیے دوسرا بڑا تبلیغی و اصلاحی اجتماع ہوا۔ جس میں علاقہ بھر سے بڑی بھاری تعداد میں خواتین نے شرکت کی، صبح سے لے کر شام تک تقاریر کا سلسلہ جاری رہا۔ ان اجتماعات کی بدولت خواتین کی بڑی اصلاح ہو رہی ہے۔ اور خواتین اپنی بچیوں کو تعلیم کے لیے جامعہ سردار میں داخلہ دلوا رہی ہیں۔ جامعہ سردار سے سات طالبات نے وفاق المدارس کا امتحان دیا۔

## موضع گاھوڑا (تھل) پنڈ دادنخان میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

گزشتہ دنوں موضع گاھوڑا (تھل) میں ایک تبلیغی و اصلاحی جلسہ سیرت کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مناظر اسلام حضرت مولانا حافظ محمد عبداللہ شیخوپوری، رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب، مولانا حافظ محمد اصغر راشد (لاہور)، مشہور صحافی محمود مرزا جہلمی اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ اس جلسہ کا اہتمام وہاں آباد اعوان برادری نے کیا تھا۔ تحصیل پنڈ دادنخان سے لوگوں نے جوق در جوق شرکت کی اور رات گئے تک جلسہ جاری رہا۔

## حاجی عبدالرزاق، طارق محمود اور احسان الحق کو صدمہ

حاجی عبدالرزاق صاحب اور طارق محمود صاحب کے بڑے بھائی اور احسان الحق کے والد محترم منشی عبدالستار بن منشی کرم داد مرحوم تقریباً 63 سال کی عمر میں گزشتہ دنوں وفات پا گئے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مرحوم جامع مسجد اہلحدیث کے مستقل نمازی تھے اور وہ جامعہ اور جماعت کے ساتھ گہری وابستگی رکھتے تھے ان کی وفات سے جماعت ایک اچھے اور مخلص ساتھی سے محروم ہوگئی ہے۔ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## شیخ عزیزالرحمان، عتیق الرحمان، عبیدالرحمان، عبدالرحمان وغیرہ کو دوہرا صدمہ

ابھی قریباً ایک ماہ ہی گزرا تھا، ان کے والد محترم شیخ عطاء الرحمان صاحب کی وفات کو کہ عیدالاضحیٰ کے روز نماز عید سے تھوڑی دیر پہلے اچانک ان کی والدہ محترمہ کا انتقال ہوگیا۔ یہ صدمہ ان کے لیے بڑا بھاری تھا۔ مگر بڑے صبر و شکر کے ساتھ انکی اولاد نے اسے برداشت کیا۔وہ سب بھائی نمازِ عید پڑھنے کے لیے جامعہ اثریہ آئے جہاں علامہ مدنی صاحب نے نماز عید کے اجتماع میں ان کے لیے دعائے مغفرت بھی کی۔ عید کے روز ہی شام سے پہلے مرحومہ کی نماز جنازہ جنازہ گاہ میں علامہ مدنی صاحب نے بڑے رقت انگیز انداز میں مسنون دعاؤں سے پڑھائی۔

## ارشد محمود بن خواجہ عبدالرحمان کو صدمہ

جامع مسجد اہلحدیث کے مستقل نمازی اور جماعت کے بزرگ ساتھی خواجہ عبدالرحمان صاحب 95 سال کی طویل عمر پاکر مختصر علالت کے بعد 25 مارچ کو اس فانی دنیا سے رخصت ہوگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوۃ کے بڑے پابند، متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ مرحوم کے پسماندگان میں ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہیں۔

## قاری عبدالحق صاحب کو صدمہ

جامع مسجد اہلحدیث توحید چوک (لاہور موڑ) جہلم کے مدرس وامام قاری عبدالحق صاحب کا تین دن کا نومولود بیٹا گزشتہ دنوں وفات پاگیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔اس کی نمازِ جنازہ میں احباب جماعت کے علاوہ جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ انھیں اس کا نعم البدل عطا فرمائے۔آمین۔

## سیٹھی عبدالحکیم صاحب، شیخ احسان، اور شیخ مسعود و شیخ جاوید صاحبان کو صدمہ

سیٹھی عبدالحکیم صاحب کی اہلیہ، شیخ احسان کی والدہ محترمہ اور شیخ مسعود و شیخ جاوید صاحبان کی خالہ مختصر علالت کے بعد مورخہ 4 مئی کو وفات پاگئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ مولانا عطاء اللہ ثاقب نے پڑھائی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔آمین۔

ادارہ حرمین و جامعہ اثریہ اور جماعت اہلحدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی غلطیوں، لغزشوں اور کوتاہیوں کو معاف فرمادے۔اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔اللھم اغفرلھم وارحمھم واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار۔



© rasailojaraid.com